
# ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج دیپال پور

## ای۔لرننگ پروجیکٹ

## چھٹیوں کا کام / ٹیوٹریل لنکس / جائزہ / سرگرمیاں

## سیشن ۲۰۲۰ء تا ۲۰۲۱ء

## اسلامیات جماعت: چہارم



نام طالبعلم / طالبہ: ___________

سیکشن: ___________

رول نمبر: ___________

# جماعت چہارم

تاریخ:۴-اگست ۲۰۲۰ دن:منگل

ٹیوٹر لنک:https://www.youtube.com/watch?v=N6ov1KTfdq4

## سبق: قریش کی مخالفت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت قدمی

تدریسی مقاصد: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت قدمی طلبہ کو ذہن نشین کروانا اور قریش کی مخالفت کے اسباب کے بارے میں تفصیل سے بتانا۔

مفہوم: اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑا احترام کرتے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو صادق اور امین کہتے تھے لیکن جونہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو صرف ایک اللہ تعالی کی طرف بلایا اور انہیں بت پرستی اور شرک سے منع فرمایا تو بھڑک اُٹھے اور اس کے سخت مخالف ہوگئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدکلامی کرتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو شاعر اور دیوانہ کہتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھاتے مگر پھر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبلیغ کا کام نہیں چھوڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی رکھ دیں پھر بھی میں اپنا کام جاری رکھوں گا یہاں تک کہ اسلام پھیل جائے یا اسلام لاتے ہوئے میری جان چلی جائے کافروں نے صحابہ کرام پر بھی بے مثال ظلم وستم کئے لیکن پھر بھی ان سب کے باوجود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی ثابت قدمی اور استقلال میں ذرا بھر بھی کمی نہ ہوئی۔

پڑھائی کیجیے: صفحہ نمبر 34،35،36،

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| الفاظ | معانی | معانی |
|---|---|---|
| صادق | سچا | |
| امین | ایماندار | |

| | | |
|---|---|---|
| بھڑک اٹھے | انتہائی غصے میں آگئے | |
| غضبناک | غصے سے بھرا ہوا | |
| استقلال | تحمل اور برداشت | |

دستخط والدین:____________

تاریخ: ۵-اگست ۲۰۲۰ دن: بدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=Yfn3C119p84

## سبق: قریش کی مخالفت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت قدمی۔(مشق)

**مختصر جواب دیں:**

الف: اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا مقام دیتے تھے؟

جواب: اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بڑا احترام کرتے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو صادق اور امین کہتے تھے۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

ب: قریش حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کیوں مخالف ہو گئے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو صرف ایک اللہ تعالیٰ کی طرف بلایا اور انہیں بت پرستی اور شرک سے منع فرمایا تو وہ بھڑک اُٹھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سخت مخالف ہو گئے۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

جواب: قریش کی مخالفت کے دو اسباب بیان کریں؟

جواب: 1: قریش کے سرداروں کو خطرہ تھا کہ اگر اسلام پھیل گیا تو ان کی سرداری ختم ہو جائے گی۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------

د: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو طالب کو کیا جواب دیا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم اگر یہ لوگ میرے دائیں ہاتھ پر سورج اور بائیں ہاتھ پر چاند بھی رکھ دیں پھر بھی میں اپنا کام جاری رکھوں گا یہاں تک کہ اسلام پھیل جائے یا اسلام پھیلاتے ہوئے میری جان چلی جائے۔

جواب------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------

ہ: حضرت خباب رضی اللہ تعالی عنہ بن ارت ظلم و ستم کس طرح برداشت کرتے تھے؟

جواب: حضرت خباب بن ارت کو قریش دہکتے انگاروں پر لٹا دیتے اور ایک شخص ان کی چھاتی پر پاؤں رکھ دیتا ان کی چربی پگھلتی جس سے ان کی پشت داغدار ہو گئی تھی۔

جواب------------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------

دن: جمعرات تاریخ: ۶-اگست ۲۰۲۰

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=S1CIveu4z2Y

## خالی جگہ پر کریں:

اونٹ کی اوجھڑی۔ جنت، چچا، عجیب، صادق اور امین،

الف: اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ______________ کہتے تھے۔۔

ب: حضرت ابو طالب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے __________ تھے۔

ج: قریش کو اپنے باپ دادا کا دین چھوڑنا بڑا ______________ لگتا تھا۔

د: عقبہ بن ابی معیط اٹھا اور __________________ لے آیا۔

ہ: اے آل یاسر صبر کرنا، تمہارے لئے ______________ ہے۔

## کالم الف، کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| قریش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سے | ان تمام تکالیف کو برداشت کیا یا۔ |

| | |
|---|---|
| آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل | ثابت قدمی  بھوکا پیاسا رکھتا تھا۔ |
| قریش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں | اسلام کی مخالفت کر رہے تھے۔ |
| امیہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ | کو شاعر اور دیوانہ کہتے۔ |
| کچھ لوگ صرف بنو ہاشم سے دشمنی | وجہ سے کانٹے بچھاتے۔ |

**دستخط والدین:** ____________

تاریخ: ۱۱-اگست ۲۰۲۰ دن: منگل

## سبق: قریش کی مخالفت اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ثابت قدمی (جائزہ)

**مختصر جواب دیں۔**

الف: قریش حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کیوں مخالف ہو گئے؟

جواب-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------

ب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو طالب کو کیا جواب دیا؟

جواب-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------

ج: حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ارت ظلم و ستم کس طرح برداشت کرتے تھے؟

جواب-------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------

تاریخ: ۱۲-اگست ۲۰۲۰ دن: بدھ

**خالی جگہ پر کریں:**

الف: اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ____________ " کہتے تھے۔

ب: حضرت ابو طالب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ______ تھے۔

ج: قریش کو اپنے باپ دادا کا دین چھوڑنا بڑا _______________ لگتا تھا۔

د: عقبہ بن ابی معیط اٹھا اور ____________________ لے آیا۔

ہ: اے آل یاسر صبر کرنا تمہارے لئے ________________ ہے۔

دستخط والدین: ______________

تاریخ: ۱۳-اگست ۲۰۲۰ دن: جمعرات

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=kr_KH8jxkT0

## سبق: ہجرت حبشہ

تدریسی مقاصد: طلبہ کو مسلمانوں کی ہجرت کے بارے میں بتانا اور پہلی اور دوسری ہجرت کے بارے میں بتانا تاکہ انہیں اندازہ ہو سکے کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ نے اسلام کے لئے کس قدر تکلیف اٹھائی۔

مفہوم: ہجرت کے لفظی معنی ترک وطن ہے ہجرت کا مفہوم یہ ہے کہ کسی نیک مقصد حاصل کرنے کے لیے اپنے علاقے یا ملک کے حکمرانوں کی طرف سے آزادی نہ ہو اور ان کے ظلم و تشدد سے تنگ آکر لوگ دوسرے پر امن علاقے یا ملک میں چلے جائیں۔ قریش کے تمام تر ظلم کے باوجود مسلمان اسلام سے وابستہ رہے۔

پڑھائی کیجئے: صفحہ نمبر 38، 39 40،

مشکل الفاظ کے معانی لکھیے۔

| معانی | معانی | الفاظ |
|---|---|---|
| | جڑا ہوا، تعلق | وابستہ |
| | مذہب | دین |
| | مرا ہوا جانور | مردار |
| | خاندان | نسب |
| | پرہیز گار | پاک دامن |

تاریخ: ۱۸-اگست ۲۰۲۰ دن: منگل

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=Uy2cAPqx2iQ

## سبق: ہجرت حبشہ: (مشق)

**مختصر جواب دیں:**

الف: ہجرت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ہجرت کے لفظی معنی ترک وطن ہے ہجرت کا یہ مفہوم ہے کہ کسی نیک مقصد حاصل کرنے کے لیے اپنے علاقے یا ملک کے حکمرانوں کی طرف سے آزادی نہ ہونے اور ان کے ظلم و تشدد سے تنگ آکر لوگ دوسرے پر امن علاقے یا ملک میں چلے جائیں۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

ب: دوسری ہجرت حبشہ میں کتنے مسلمان شامل تھے؟

جواب: دوسری ہجرت حبشہ میں 83 مرد اور 19 عورتیں شامل تھی۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------ج

: نجاشی نے حضرت عیسی علیہ السلام کے بارے میں کیا؟

جواب: نجاشی نے ایک تنکا زمین سے اٹھایا اور کہا خدا کی قسم حضرت عیسی علیہ السلام بالکل ایسے ہی تھے جیسے کہ بیان کیا گیا ہے ایک تنکے کے برابر بھی اس سے زیادہ نہ تھے۔

جواب-----------------------------------------------------------------------

-----------------------------------------------------------------------

د: قریش کے وفد نے نجاشی سے کیا کہا؟

جواب: نجاشی نے قریش کے سفیروں سے کہا کہ میں مسلمانوں کو تمہارے حوالے نہیں کر سکتا دوسرے دن عمر بن عاص نے نجاشی کو بھڑکانے کے لیے کہا اے بادشاہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق غلط عقیدہ رکھتے ہیں۔

جواب-------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------

ہ: کلام الٰہی سن کر نجاشی اور اس کے درباریوں پر کیا اثر ہوا؟

جواب: نجاشی اور اس کے درباری کلام الٰہی سن کر بہت متاثر ہوئے ان پر رقت طاری ہو گئی اور وہ رونے لگے۔

جواب-------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------

تاریخ: ۱۹-اگست ۲۰۲۰ دن: بدھ

ٹیوٹر لنک: https://www.youtube.com/watch?v=Uy2cAPqx2iQ

**خالی جگہ پر کریں:**

،تقریر ر۔ 19، انیس مریم، حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، پانچویں،

الف: پہلی ہجرت حبشہ اعلان نبوت کے ____________ بعد سال ہوئی۔

ب: ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اہلیہ ________________ بھی شامل تھی۔

ج: نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی طرف سے حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بڑی پر اثر ______________ کی۔

د: نجاشی کے کہنے پر حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۃ ____________ کی چند آیات تلاوت کیں۔

ہ: دوسری ہجرت حبشہ میں 83 مرد اور __________ عورتیں شامل تھیں۔

تاریخ: ۲۰-اگست ۲۰۲۰ دن: جمعرات

**درست جواب پر نشان لگائیں۔**

الف: پہلی ہجرت حبشہ میں کل کتنے افراد شامل تھے ؟

الف: دس ب: پندرہ ج: بیس

ب: حبشہ کے بادشاہ کو کیا کہا جاتا ہے ؟

آلف: قیصر ب: کسری ج: نجاشی

ج: دوسری ہجرت حبشہ نبوت کے کس سال ہوئی ؟

الف: چوتھے ب: چھٹے ج: آٹھویں

د: نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی طرف سے تقریر کس نے کی ؟

الف: حضرت عثمان نے ب: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے ج: حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے۔

ہ: نجاشی کے دربار میں کس سورت کی آیات تلاوت کی گئ ؟

الف: سورۃ مریم ب: سورۃ بقرہ ج: سورۃ آل عمران

کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

**کالم الف، کو کاکم ب سے ملائیں۔**

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو | آپ کے ہاں ہم پر ظلم نہیں ہو گا۔ |
| اے بادشاہ ہمیں امید ہے کہ | اسلام قبول کر لیا |
| قریش نے تحفے دے کر | حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی۔ |
| بعد میں نجاشی نے | کلام الہی سن کر بہت متاثر ہوئے۔ |
| نجاشی اور اس کے درباری | ایک وقت نجاشی کے پاس بھیجا۔ |

**دستخط والدین:** ____________

تاریخ:۲۵-اگست ۲۰۲۰ دن:منگل

## سبق:ہجرت حبشہ (جائزہ)

**مختصر جواب دیں۔**

الف:ہجرت سے کیا مراد ہے؟

جواب---------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------

ب:نجاشی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کیا کہا؟

جواب---------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------

ج:کلام الٰہی سن کر نجاشی اور اس کے درباریوں پر کیا اثر ہوا؟

جواب---------------------------------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------------------------------------

تاریخ:۲۶-اگست ۲۰۲۰

**خالی جگہ پر کریں:**

آلف:پہلی ہجرت حبشہ اعلان نبوت کے ____________ بعد سال ہوئی۔

ب:ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ اور ان کی اہلیہ ______________ بھی شامل تھی۔

ج:نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی طرف سے حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالی عنہ نے ایک بڑی پر اثر __________ کی۔

د:نجاشی کے کہنے پر حضرت جعفر رضی اللہ تعالی عنہ نے سورۃ ____________ کی چند آیات تلاوت کی۔

ہ:دوسری ہجرت حبشہ میں 83 مرد اور ____________ عورتیں شامل۔

دستخط والدین:______________

**تاریخ**: ۲۷-اگست ۲۰۲۰ **دن** :جمعرات

**ٹیوٹرلنک:** https://www.youtube.com/watch?v=83_KnMTxXkg

**سبق: حضرت موسیٰ علیہ السلام**

تدریسی مقاصد: قرآن مجید اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سیرت واضح کرنا حضرت موسی علیہ السلام کے ابتدائی حالات معجزات اور فرعون کا انجام بتانا۔

مفہوم: حضرت موسی علیہ السلام اللہ تعالی کے بلند مرتبہ پیغمبر ہیں۔ جو بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے آپ کا لقب،، کلیم اللہ،، ہے۔

آپ مصر میں پیدا ہوئے۔ مصر کے بادشاہ کو فرعون کہا جاتا تھا۔ فرعون کو نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہو گا جو اس کی بربادی کا سبب بنے گا اس لئے وہ بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے لڑکوں کو قتل کروا دیتا تھا اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتا تھا۔ جب حضرت موسی علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو اللہ تعالی نے ان کی والدہ کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ وہ بچے کو صندوق میں بند کر کے دریا میں بہا دیں تو اللہ تعالی خود بچے کی حفاظت کا انتظام فرمائے گا۔ صندوق تیرتے ہوئے فرعون کے محل کے قریب پہنچ گیا۔ فرعون کی بیوی آسیہ نے اس صندوق کو دریا میں اترتے دیکھا تو اس میں نوکر بھیج کر صندوق منگوا لیا جب انہوں نے صندوق کھولا تو اس میں ایک انتہائی خوبصورت بچہ دیکھ کر وہ بڑی خوش ہوئی اس نے بچے کو اپنے بیٹے کے طور پر پالنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس طرح حضرت موسی علیہ السلام فرعون کے محل میں ہی پرورش پانے لگے اور وہیں پر جوان ہوئے۔ اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو دو بڑے معجزات عطا فرمائے جن میں سے ایک یہ ہے کہ جب آپ علیہ السلام اپنی لاٹھی پھینکتے تو وہ بہت بڑا

سانپ بن جاتا تھا اور دوسرا جب آپ علیہ السلام اپنا ہاتھ اپنے گریبان سے نکالتے تو روشن ہو جاتا تھا جب آپ علیہ السلام نے فرعون کو اللہ کا پیغام پہنچایا تو اس نے آپ کو جادوگر سمجھا اور اس نے تمام ملک سے جادوگر اکٹھے کر کے آپ سے مقابلہ کرنے کا منصوبہ بنایا۔

پڑھائی کیجیے: صفحہ نمبر 79,80,81

| الفاظ۔ | معانی |
|---|---|
| برگزیدہ | پسندیدہ |
| جلیل القدر | علی شان والا |
| فرعون | ماضی میں مصر کے بادشاہوں کا نام |
| معجزہ | انسانی طاقت سے باہر کام |
| صحابی | حضور اکرم کے ساتھی |
| عصا | ڈنڈا۔ لاٹھی |
| وصال | وفات |
| عظمت | بڑائی |
| بحر احمر | مصر کے ساتھ ایک سمندر کا نام |
| تہمت | جھوٹا الزام |

**دستخط والدین:** ____________

تاریخ: ۲۸-اگست ۲۰۲۰ دن:جمعہ

ٹیوٹر لنک:

https://www.youtube.com/watch?v=ipFPHp5IBdg

**سبق:(حضرت موسیٰ علیہ السلام) (مشق)**

**مختصر جواب دیں:**

**الف: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ابتدائی تعارف بیان کریں؟**

**جواب:** حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر پیغمبر ہیں جو بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے۔اپ علیہ السلام کالقب،، کلیم اللہ،، ہے۔اپ علیہ السلام کے والد کا نام عمران تھا۔اپ علیہ السلام مصر میں پیدا ہوئے۔مصر کے بادشاہ کو فرعون کہا جاتا تھا۔

**جواب:**________________________________________

__________________________________________________

**ب: نجومیوں نے فرعون کو کیا بتایا؟**

**جواب:** فرعون کو نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہو گا جو اس کی بربادی کا سبب بنے گا۔

**جواب:**________________________________________

**ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات بیان کریں۔**

**جواب:** حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے دو بڑے معجزات عطا فرمائے۔ایک یہ کہ جب آپ علیہ السلام اپنی لاٹھی پھینکتے تو وہ بہت بڑا سانپ

بن جاتا تھا اور دوسرا جب آپ علیہ السلام اپنا ہاتھ اپنے گریبان سے نکالتے تو وہ روشن ہو جاتا تھا۔

**جواب:**________________________________________

---

**د: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کہاں ہوئی؟**

**جواب:** حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کے محل میں ہی پرورش پائی۔

**جواب:** ________________________________________

**ہ: فرعون کا انجام کیا ہوا؟**

**جواب:** فرعون اپنے لشکر سمیت دریا میں غرق ہو گیا۔

**جواب:** ________________________________________

تاریخ: ۲۹-اگست ۲۰۲۰ دن: ہفتہ

**خالی جگہ پر کریں:**

**نبوت، مصر، کلیم اللہ، اسرائیل، شعیب علیہ السلام۔**

**الف:** حضرت موسی علیہ السلام __________ میں پیدا ہوئے۔

**ب:** اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو کوہ طور پر بلایا اور __________ عطا فرمائی۔

**ج:** حضرت موسی علیہ السلام کی قوم کا نام __________ تھا۔

**د:** حضرت موسی علیہ السلام کا لقب __________ ہے۔

**ہ:** مدین میں حضرت موسی علیہ السلام کو حضرت __________ نے اپنے ہاں رکھا۔

**کالم،،الف،، کو کالم،،ب،، سے ملائیں۔**

**کالم(الف) کالم(ب)**

الف: حضرت موسی علیہ السلام حضرت موسی علیہ السلام کے بھائی تھے۔

ب: مصر کے بادشاہ کو بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے

ج: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام ید بیضا تھا

د: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک معجزہ عمران تھا

ہ: حضرت ہارون علیہ السلام فرعون کہا جاتا تھا۔

**دستخط والدین:**________________

**تاریخ:** ۳۱-اگست ۲۰۲۰ **دن: پیر**

**سبق: حضرت موسیٰ علیہ السلام (جائزہ)**

**سوال نمبر 1: مختصر جواب دیں۔ س**

**سوال: نجومیوں نے فرعون کو کیا بتایا؟**

**جواب:**____________________________________

**سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزات بیان کریں۔**

**جواب:**____________________________________

____________________________________________

**سوال: فرعون کا انجام کیا ہوا؟**

**جواب:**____________________________________

**سوال: خالی جگہ پر کریں۔۔**

**الف:** حضرت موسیٰ علیہ السلام_________ میں پیدا ہوئے۔

**ب:** حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا نام__________ تھا۔

**ج:** حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب__________ ہے۔

**د:** اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر بلایا اور نبوت عطا فرمائی۔

**دستخط والدین:**______________